## سینئرصحافی،شاعروادیب خالدعلیگ کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔ 15/اگست 2007ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے سینئرصحافی،شاعروادیب جناب خالدعلیگ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کااظہارکیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہاکہ خالدعلیگ نے اپنے قلم کے ذریعے حق اورانصاف کی سربلندی اورسماجی انصاف کیلئے جوآوازبلندکی اورجوخدمات انجام دیں وہ یادرکھی جائیں گی۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ خالدعلیگ مرحوم کوجنت الفردوس میں جگہ عطافرمائے اورلواحقین کویہ صدمہ برداشت کرنے کاحوصلہ وہمت دے۔دریں اثناءمتحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی،میڈیاکمیٹی اورشعبہ اطلاعات کے ارکان نے بھی معروف شاعروادیب خالدعلیگ کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کااظہارکرتے ہوئے مرحوم کے بلنددرجات اورسوگواران کے صبروجمیل کیلئے دعا کی۔

## جماعت اسلامی کے رہنماءاورارکان اسمبلی آرام دہ ڈرائنگ رومزمیں بیٹھ کرصرف بیان بازی کررہے ہیں،اراکین سندھ اسمبلی

## جماعت اسلامی نے کراچی اوراس کے عوام کیلئے کبھی کچھ نہیں کیا،

کراچی۔۔۔15/اگست 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے جماعت اسلامی کے اراکین کے بیان پرتبصرہ کرتے ہوئے کہاکہ جماعت اسلامی کی پوری قیادت ایم کیوایم فوبیاکاشکارہےاوران کابیان کھسیانی بلی کمبانوچے کے مترادف ہے،جماعت اسلامی کے سابقہ ناظم نعمت اللہ نے اپنے دوراقتدارمیں کراچی کیلئے کچھ نہیں کیا۔اپنے ایک بیان میں ارکان سندھ اسمبلی نے کہاکہ کراچی میں جمعرات سے شروع ہونیوالی طوفانی بارشوں نے ماضی کے ریکارڈتوڑدیئے تاہم شہرمیں طوفانی بارشوں سے پیداہونے والی صورتحال سے نمٹنے کیلئے رات دن مصروف ہیں اورصورتحال معمول پرآرہی ہے جبکہ جماعت اسلامی کے رہنماؤں اورارکان اسمبلی اپنے آرام دہ ڈرائنگ رومزمیں بیٹھ کرصرف بیان بازی کررہے ہیں اورانہیں اتنی بھی توفیق نہیں ہوئی کہ وہ کسی علاقے میں جاکرعوام سے ہمدردی کااظہارہی کرلیتے بلکہ اس کے بجائے جماعت اسلامی اپنے کارکنوں کے ذریعے سیوریج لائنوں اورنالوں میں ریت کی بوریاں،تکیے،ٹائراوراسی طرح کادیگرسامان ڈال کرسیوریج لائنوں کوبندکررہی ہے۔انہوں نے مزیدکہاکہ حق پرست قیادت کی جانب سے شہرمیں انڈرپائی پاسز،فلائی اوورز،سڑکوں کی تعمیر،سیوریج لائنوں اوراسٹریٹ لائٹس کی تنصیب،خوبصورت پارکوں اورتفریحی مقامات کی تزئین وآرائش نے شہرکانقشہ بدل دیاہےجس سے جماعت اسلامی کے لوگوں کومرچیں لگ رہی ہیں۔انہوں نے کہاکہ کراچی کے باشعورعوام اچھی طرح جانتے ہیں کہ جماعت اسلامی نے کراچی اوراس کے عوام کیلئے کبھی کچھ نہیں کیااگرسابقہ ناظم نعمت اپنے دوراقتدارمیں کراچی کیلئے کچھ کرکے جاتے تو آج کراچی کے عوام انہیں مستردنہیں کرتے۔انہوں نے کہاکہ جماعت اسلامی کے رہنمااورارکان اسمبلی حق پرست قیادت پرالزام تراشی اورکیچڑاچھالنے سے قبل اپنے گریباں میں جھانکیں۔

## ایم کیوایم،ہندوکمیونٹی کے کارکن ترسیہ کے انتقال پرالطاف حسین کااظہارتعزیت

لندن۔۔۔15،اگست 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ہندوکمیونٹی سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم اقلیتی امورکمیٹی بن قاسم ٹاؤن سیکٹرکے جواں سال کارکن ترسیہ کے انتقال پرگہرے رنج وغم کااظہارکیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکیااورانہیں صبرکی تلقین کی۔انہوں نے کہاکہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان سوگواران کے غم میں برابرکے شریک ہیں۔ ایم کیوایم اقلیتی امورکمیٹی بن قاسم ٹاؤن سیکٹرکے کارکن ترسیہ نیشنل ہائی جوگی موڑبس اسٹاپ پرٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگئے۔ان کی عمر19سال تھی اوران کے سوگواران میں والدہ اوربھائی بہن شامل ہیں۔دریں اثناءمتحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ترسیہ مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکیااورانہیں صبرکی تلقین کی۔

## ملک کے مختلف شہروں کے پریس کلبوں کے صدور،جنرل سیکریٹریزاوردیگرعہدیداران پرمشتمل 20رکنی وفدکاایم کیوایم کے مرکزنائن زیروکادورہ

## رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات، ملک کی سیاسی صورتحال، آئندہ انتخابات، ایم کیوایم کی سیاسی سرگرمیوں اور سیاسی منظر نامے پر گفتگو

کراچی۔۔۔15، اگست 2007ء۔۔۔ملک کے کئی شہروں کے پریس کلبوں کے صدور، جنرل سیکریٹری اور دیگر عہدیداران پر مشتمل 20 رکنی وفد نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کا تفصیلی دورہ کیا۔صحافیوں کا وفد جب نائن زیرو پہنچا تو متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، اراکین رابطہ کمیٹی شعیب بخاری، ڈاکٹر نصرت، رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی، ارکان سندھ اسمبلی عبدالقدوس، فیصل سبزواری اور میڈیا کمیٹی کے انچارج سیف عباس نے اُن کا پرتپاک استقبال کیا۔ بعدازاں خورشید بیگم میموریل کمپلیکس کے کانفرنس ہال میں ملک کی سیاسی صورتحال، آئندہ انتخابات، ایم کیوایم کی سیاسی سرگرمیوں، حزب اختلاف کی آل پارٹیز کانفرنس، موجودہ سیاسی منظر نامے سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا۔صحافیوں نے ایم کیوایم کے رہنماؤں سے مختلف سوالات کئے جن کے رابطہ کمیٹی نے تفصیلی جوابات دیے۔اس موقع پر سانحہ 12 مئی کے حوالے سے ''کڑوا سچ'' کے عنوان سے حقائق پر مبنی جاری کی گئی فلم بھی دکھائی گئی۔ وفد کے ارکان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو، میڈیا سینٹر سمیت ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کرایا گیا اور یہاں جاری تنظیمی اور تحریکی کام کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔سینئر صحافیوں نے ایم کیوایم کے تنظیمی طریقہ کار اور اس کے ڈسپلن کی تعریف کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم اور رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین نے وفد کے ہمراہ یوم آزادی کی خوشی میں کیک بھی کاٹا۔وفد میں خیر پور میرس، سکھر، خضدار، گوادر، ٹنڈو محمد خان، بالاکوٹ، راولپنڈی، آزاد کشمیر، نوشہرو فیروز، قلات، لاڑکانہ اور بدین پریس کلبوں کے صدور خان محمد، خواجہ جاوید احمد فیض الدین ساسولی، اسماعیل بلوچ، رمضان شورو، ڈاکٹر محمد فرید، عابد صدیقی، سید افراز گردیزی، محمد شبیر خانزادہ، علی گل سانگی اور اللہ رکھیو کے علاوہ کراچی، تھرپارکر، گھڑی عبداللہ آزاد کشمیر، ایبٹ آباد، ٹھٹھہ پریس کلب کے سیکریٹریز امتیاز فاران، غلام حسین ہمدانی، محمد اکرام کسانہ، فیاض قریشی سمیت روزنامہ پاسبان حیدرآباد کے ایڈیٹر منصور شاہد، پاکستان پریس فاؤنڈیشن کے محمد آفتاب مدنی، اویس اسلم غنی، مقتدیٰ منصور اور پریس کلب ایبٹ آباد کے رکن نوید اکرم عباسی شامل تھے۔

## نام نہاد مذہبی جماعتیں ہی ملک میں استحصالی جاگیردارانہ نظام کی محافظ ہیں۔انور عالم

## ایم کیوایم چاہتی ہے کہ پرامن جمہوری طریقے سے ملک کے فرسودہ نظام کو تبدیل کیا جائے

## ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کی تنظیم نو کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔15، اگست 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیم نو کے سلسلے میں ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کمیٹی کا اعلان کردیا ہے۔ یہ اعلان گزشتہ روز رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے لیاقت آباد سیکٹر کے جنرل ورکرز اجلاس میں کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔انور عالم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ نام نہاد مذہبی جماعتیں جنہوں نے ہر دور میں پاکستان میں محروم ومظلوم عوام کے حقوق کے حصول اور فرسودہ نظام کو بدلنے کیلئے اٹھائی جانے والی ہر آواز کی مخالفت کی وہی آج متحدہ قومی موومنٹ کی بھی مخالف ہیں۔ یہ نام نہاد مذہبی جماعتیں ہی دراصل ملک میں استحصالی جاگیردارانہ نظام کی محافظ ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ جمہوری اقدار پر یقین رکھتی ہے اور وہ چاہتی ہے کہ پرامن جمہوری طریقے سے ملک کے فرسودہ نظام کو تبدیل کیا جائے اور اسی مقصد کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحدہ قومی موومنٹ کی انقلابی جدوجہد جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کے باعث ایک مرتبہ پھر سازشی عناصر ایم کیوایم کے خلاف گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں لیکن انشاءاللہ تعالیٰ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تربیت اور درس پر ہر ایک کارکن سچائی کے ساتھ عمل پیرا ہے اور ماضی کی طرح اب بھی ہر کارکن تمام گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے ہر لمحہ تیار ہے۔انہوں نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کی نومنتخب سیکٹر کمیٹی کے ارکان کو مبارکباد پیش کی اور انہیں تلقین کی وہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیں اور عوامی مسائل سمیت تحریکی فرائض میں کسی قسم کی کوتاہی کا مظاہرہ نہ کریں۔

☆☆☆☆☆